# Rampur State Gazette

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ یکم ربیع الاول ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۳ اکتوبر ۱۹۲۲ء | جلد ۳۴


فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | تقرر غلام ناصر خاں صاحب۔ | ۱ |
| ۲ | تعیین تعداد تعطیلات و محافل دربار سالگرہ۔ | ۲ |
| ۳ | تعیین وقت و مقام دربار سالگرہ۔ | " |
| ۴ | تقسیم تنخواہ بزمانہ تعطیلات۔ | " |
| ۵ | تبادلہ ڈپٹی انسپکٹر [illegible] بعہدہ ممبر بورڈ آف آرٹ۔ | " |
| ۶ | رخصت سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگل۔ | " |
| ۷ | رخصت انسپکٹر صاحب جنگل۔ | " |
| ۸ | نقشہ نرخ نامہ اجناس | ضمیمہ |


### ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

### تقرر

۱۴ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب استدعا صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت۔ غلام ناصر خاں کا تقرر بعہدہ ہیڈ کلرک دفتر مشاہرہ نوے روپیہ ماہوار یکم اکتوبر ۱۹۲۲ء سے منظور فرمایا گیا۔

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
### واقع ۱۵؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء

دربار سالگرہ کی تعطیل مع ابتدا ۱۵؍ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ مطابق ۵؍ نومبر ۱۹۲۲ء سے شروع ہوگی اور پانچ تعطیلیں ہونگی - ۱۵؍ ربیع الاول سے پانچ تعطیلیں ہونگی -

۲- سلامی سالگرہ حسب قاعدہ توپخانہ سے ۱۵؍ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ کو طلوع آفتاب کے بعد سر کیجائے

حکم ہوا کہ

احکام جاری ہوں -

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
### واقع ۱۹؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء

بتاریخ ۱۷؍ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ مطابق ۷؍ نومبر ۱۹۲۲ء چار بجے شام کو بمقام خاص باغ جلسہ دربار سالگرہ منعقد ہوگا -

حکم ہوا کہ

احکام اطلاعی جاری ہوں

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
### واقع ۱۷؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء

۳۱؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء سے ۱۰؍ نومبر ۱۹۲۲ء تک سلسلہ وار تعطیل ہے تقسیم تنخواہ کی ضرورت سے ۳۱؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء اور یکم نومبر ۱۹۲۲ء کو خزانہ صدر کھولا جائے اور تنخواہ تقسیم کردیجائے -

حکم ہوا کہ

احکام جاری ہوں -

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
### واقع ۱۷؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

بابو ماتا پرشاد ڈپٹی مجسٹریٹ انہار کا تبادلہ صیغہ انہار سے بعہدہ ممبر بورڈ آف آڈٹ کیا جائے - جو تنخواہ صیغہ انہار میں پاتے ہیں آیندہ محکمہ آڈٹ سے پائینگے - عہدہ ڈپٹی مجسٹریٹ انہار تخفیف کیا جائے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

## ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

### رخصت
۱۰؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ میونسپل افسر صاحب - رخصت [illegible] صاحب چنگی کی [illegible] منظور کی گئی -

### رخصت
۱۰؍ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر - رخصت یکماہ صاحبزادہ سید شجاع اللہ خان انسپکٹر چنگی متعینہ چوکی ریلوے کی بعوض [illegible] بغرض زیارت اجمیر شریف منظور ہوئی - اور حسب قاعدہ کونسل لینے کی بھی رخصت حاصل کرینگی ہدایت کی گئی -